PDF Compressor Free Version

# تربیتی نصاب
حصہ دوم

## برائے بالغان

۱ نورانی قاعدہ/حفظ سورۃ بمع ترجمہ وتفسیر ۲ ایمانیات
۳ عبادات ۴ احادیث و مسنون دعائیں ۵ اخلاق و آداب
پر مشتمل مختصر اور آسان نصاب



جمع وترتیب
علماء کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

PDF Compressor Free Version



# تربیتی نصاب حصہ دوم کا اجمالی خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| | ناظرہ قرآن کریم | عَمَّ پارہ |
| قرآن کریم | حفظ سورۃ مع ترجمہ و تفسیر | سُوْرَةُ الضُّحٰى تا سُوْرَةُ الْهُمَزَة |
| ایمانیات | عقائد | ایمان کی علامتیں ۔ کافروں اور منافقوں کی عادتیں ۔ اللہ تعالیٰ پر یقین ۔ اسمائے حسنیٰ ۔ سنت اور بدعت ۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ۔ کفر و شرک نیکی اور گناہ ۔ قبر کے حالات ۔ میدان محشر ۔ حوض کوثر ۔ پل صراط ۔ جنت ۔ جہنم ۔ |
| عبادات | طہارت | نجاست کا بیان ۔ تیمم کا بیان ۔ موزوں پر مسح کرنا ۔ |
| | اصطلاحات | شریعت کی اصطلاحیں ۔ |
| | ارکان اسلام اعتکاف قربانی | نفل نمازوں کا بیان ۔ نماز میں دل لگانے کا طریقہ ۔ نماز کے متفرق مسائل ۔ روزہ اعتکاف ۔ صدقۂ فطر ۔ زکوٰۃ ۔ قربانی ۔ حج کے فضائل و مسائل ۔ نکاح عورت کا انتخاب ۔ طلاق ۔ قسم ۔ منت ۔ |
| احادیث | ۲۰ احادیث مع ترجمہ و تشریح | • اسلام، ہجرت اور حج کی فضیلت • عقیدۂ ختم نبوت • پابندی اور مستقل مزاجی • اسلامی بھائی چارگی • دنیا میں رہنے کا طریقہ • ہوشیاری اور بیدار مغزی • بدعت کی برائی • کامیاب شخص • چچا کی عظمت • سخت عذاب کا مستحق • حقیقی مال داری • رحم دلی • جھگڑے کی برائی • نرمی و مہربانی • دوسروں کے کام آنا • بغض و حسد کی برائی • پڑوسی کے حقوق • صف بندی کی اہمیت • قبروں پر سجدہ کی ممانعت • انجام کی اہمیت |

PDF Compressor Free Version



| | | |
|---|---|---|
| مسنون دعائیں | ۱۵<br>مسنون دعائیں | • جب صبح ہو تو یہ دعا مانگیں • جب شام ہو تو یہ دعا مانگیں<br>• جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا مانگیں • سواری پر سوار ہونے کی دعا<br>• ہدایت و تقویٰ مانگنے کی دعا • قبرستان میں داخل ہونے کی دعا<br>• جب کسی کو رخصت کرنے لگیں تو یہ دعا مانگیں • اچھے اخلاق کی دعا<br>• گھر میں داخل ہونے کی دعا • جب بازار جائیں تو یہ دعا مانگیں<br>• غمی اور پریشانی کے وقت کی دعا • زہریلے جانور سے حفاظت کی دعا<br>• نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دعا<br>• جب کوئی مصیبت یا نقصان ہو جائے تو یہ دعا مانگیں • جامع دعا |
| اخلاقیات | اخلاق<br>و<br>آداب | ملاقات کے آداب ۔ مجلس کے آداب ۔ مہمان نوازی کی اہمیت ۔ میزبان کے لیے آداب ۔ مہمان کے لیے آداب ۔ سفر کے آداب ۔ بیماری اور علاج کے آداب عیادت کے آداب ۔ تعزیت ۔ حقوق العباد ۔ رشتے داروں کے حقوق پڑوسیوں کے حقوق ۔ جانوروں کے ساتھ حسن سلوک ۔ قناعت ۔ وقت کی قدر کریں موبائل فون کا استعمال ۔ بالوں کے احکام ۔ ہر مسلمان رات دن کیسے گزارے استغفار و توبہ ۔ نظروں کی حفاظت ۔ میت کے چار حقوق ۔ سود اور غصب ۔ |

PDF Compressor Free Version



# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | اظہار تشکر | 8 |
| 2 | تربیتی نصاب کی خصوصیات | 10 |
| 3 | نصاب پڑھانے کا طریقہ | 11 |
| 4 | تعلیمی دن | 11 |
| 5 | نظام الاوقات | 12 |
| | **قرآن کریم** | |
| 1 | قرآن کریم کا نصاب | 14 |
| 2 | سورۃ الضحیٰ | 14 |
| 3 | سورۃ الم نشرح | 16 |
| 4 | سورۃ التین | 17 |
| 5 | سورۃ العلق | 19 |
| 6 | سورۃ القدر | 21 |
| 7 | سورۃ البینۃ | 22 |
| 8 | سورۃ الزلزال | 24 |
| 9 | سورۃ العدیٰت | 25 |
| 10 | سورۃ القارعۃ | 26 |
| 11 | سورۃ التکاثر | 27 |
| 12 | سورۃ العصر | 28 |
| 13 | سورۃ الھمزہ | 29 |
| | **ایمانیات** | |
| 1 | ایمان کی علامتیں | 30 |
| 2 | کافروں اور منافقوں کی عادتیں | 32 |
| 3 | اللہ تعالیٰ پر یقین | 34 |
| 4 | اسمائے حسنیٰ | 36 |
| 5 | سنت اور بدعت | 39 |
| 6 | صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم | 44 |
| 7 | ولی | 45 |
| 8 | کفر و شرک | 46 |
| 9 | نیکی اور گناہ | 48 |
| 10 | قبر کے حالات | 51 |
| 11 | میدان حشر | 54 |
| 12 | حوض کوثر | 57 |

PDF Compressor Free Version

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 13 | پل صراط | 58 |
| 14 | جنت | 60 |
| 15 | جنت کے درجات | 62 |
| 16 | جہنم | 65 |
| | **عبادات** | |
| 1 | نجاست کا بیان | 68 |
| 2 | نجاست غلیظہ | 68 |
| 3 | نجاست خفیفہ | 69 |
| 4 | کن پانی سے وضو اور غسل درست ہے | 71 |
| 5 | تیمم کا بیان | 72 |
| 6 | موزوں پر مسح کرنا | 74 |
| 7 | شریعت کی اصطلاحیں | 77 |
| 8 | نفل نمازوں کا بیان | 80 |
| 9 | نماز میں دل لگانے کا طریقہ | 86 |
| 10 | نماز کے متفرق مسائل | 87 |
| 11 | روزہ | 89 |
| 12 | وہ چیزیں جن سے روزہ مکروہ نہیں ہوتا | 90 |
| 13 | روزے کے مقصدات | 91 |
| 14 | اعتکاف | 92 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 15 | صدقہ فطر | 93 |
| 16 | زکوٰۃ | 95 |
| 17 | زکوٰۃ کے مسائل | 97 |
| 18 | قربانی | 98 |
| 19 | حج کے فضائل و مسائل | 101 |
| 20 | حج کے فرائض | 102 |
| 21 | حج کے واجبات | 103 |
| 22 | اعمال حج کا نقشہ | 103 |
| 23 | نکاح | 104 |
| 24 | عورت کا انتخاب | 105 |
| 25 | طلاق | 108 |
| 26 | قسم | 111 |
| 27 | منت | 113 |
| | **احادیث** | |
| 1 | اسلام، ہجرت اور حج کی فضیلت | 118 |
| 2 | عقیدہ ختم نبوت | 119 |
| 3 | پابندی و مستقل مزاجی | 120 |
| 4 | اسلامی بھائی چارگی | 121 |
| 5 | دنیا میں رہنے کا طریقہ | 122 |

PDF Compressor Free Version

## فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 6 | ہوشیاری اور بیدار مغزی | 123 |
| 7 | بدعت کی بُرائی | 124 |
| 8 | کامیاب شخص | 126 |
| 9 | چچا کی عظمت | 127 |
| 10 | سخت عذاب کا مستحق | 128 |
| 11 | حقیقی مال داری | 129 |
| 12 | رحم دلی | 130 |
| 13 | جھگڑے کی بُرائی | 131 |
| 14 | نرمی و مہربانی | 131 |
| 15 | دوسروں کے کام آنا | 132 |
| 16 | بغض و حسد کی بُرائی | 133 |
| 17 | پڑوسی کے حقوق | 134 |
| 18 | صف بندی کی اہمیت | 135 |
| 19 | قبروں پر سجدے کی ممانعت | 136 |
| 20 | انجام کی اہمیت | 136 |
| | **مسنون اذکار و دعائیں** | |
| 1 | جب صبح ہو تو یہ دعا مانگیں | 141 |
| 2 | جب شام ہو تو یہ دعا مانگیں | 141 |
| 3 | جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا مانگیں | 141 |
| 4 | سواری پر سوار ہونے کی دعا | 142 |
| 5 | ہدایت و تقویٰ مانگنے کی دعا | 143 |
| 6 | قبرستان میں داخل ہونے کی دعا | 143 |
| 7 | جب کسی کو رخصت کرنے لگے تو یہ دعا دیں | 144 |
| 8 | اچھے اخلاق کی دُعا | 144 |
| 9 | گھر میں داخل ہونے کی دُعا | 145 |
| 10 | جب بازار جائیں تو یہ دعا مانگیں | 145 |
| 11 | غمی اور پریشانی کے وقت کی دُعا | 146 |
| 12 | زہریلے جانور سے حفاظت کی دُعا | 146 |
| 13 | نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دُعا | 147 |
| 14 | جب کوئی مصیبت پہنچے یا نقصان ہوجائے تو یہ دُعا مانگیں | 147 |
| 15 | جامع دعا | 148 |
| | **اخلاق و آداب** | |
| 1 | ملاقات کے آداب | 150 |
| 2 | مجلس کے آداب | 151 |
| 3 | مہمان نوازی کی اہمیت | 154 |
| 4 | میزبان کے لیے آداب | 155 |

PDF Compressor Free Version

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 5 | مہمان کے لیے آداب | 156 |
| 6 | سفر کے آداب | 158 |
| 7 | راستے کے آداب | 161 |
| 8 | بیماری اور علاج کے آداب | 163 |
| 9 | عیادت کے آداب | 164 |
| 10 | تعزیت | 165 |
| 11 | حقوق العباد | 166 |
| 12 | رشتے داروں کے حقوق | 166 |
| 13 | پڑوسیوں کے حقوق | 169 |
| 14 | جانوروں کے ساتھ حسن سلوک | 172 |
| 15 | قناعت | 174 |
| 16 | حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زہد | 175 |
| 17 | وقت کی قدر کریں | 176 |
| 18 | موبائل فون کا استعمال | 178 |
| 19 | بالوں کے احکام | 180 |
| 20 | مونچھوں کا حکم | 180 |
| 21 | ڈاڑھی کی شرعی حیثیت | 181 |
| 22 | بالوں کے متفرق مسائل | 182 |
| 23 | ہاتھ پاؤں کے ناخن کے احکام | 183 |
| 24 | ہر مسلمان رات دن کیسے گزارے؟ | 184 |
| 25 | استغفار وتوبہ | 187 |
| 26 | نظروں کی حفاظت | 192 |
| 27 | میت کے چار حقوق | 196 |
| 28 | خرید وفروخت کے آداب | 202 |
| 29 | قرض کی ادائیگی | 206 |
| 30 | قرض کا معاملہ بڑا سنگین اور اس کے بارے میں سخت وعیدیں | 208 |
| 31 | قرض ادا کرنے کی نیت ہو تو اللہ تعالیٰ ادا کرا ہی دے گا | 210 |
| 32 | قرض لینے اور ادا کرنے کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طرز عمل | 211 |
| 33 | سود | 212 |
| 34 | غصب (کسی دوسرے کی چیز ناحق لے لینا) | 217 |
| ★ | نماز کی ڈائری پُر کرنے کا طریقہ | 220 |
| ★ | نماز کی ڈائری | 221 |

# سُوْرَۃُ الْعَلَقِ

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۝١ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝٢ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ
الْاَكْرَمُ ۝٣ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝٤ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۝٥ كَلَّاۤ اِنَّ
الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰۤی ۝٦ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰی ۝٧ اِنَّ اِلٰی رَبِّكَ الرُّجْعٰی ۝٨ اَرَءَیْتَ
الَّذِیْ یَنْهٰی ۝٩ عَبْدًا اِذَا صَلّٰی ۝١٠ اَرَءَیْتَ اِنْ كَانَ عَلَی الْهُدٰۤی ۝١١ اَوْ اَمَرَ
بِالتَّقْوٰی ۝١٢ اَرَءَیْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ۝١٣ اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی ۝١٤ كَلَّا
لَىِٕنْ لَّمْ یَنْتَهِ ۙ۬ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِیَةِ ۝١٥ نَاصِیَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝١٦ فَلْیَدْعُ
نَادِیَهٗ ۝١٧ سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ ۝١٨ كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝١٩ ۩

ترجمہ: پڑھو اپنے پروردگار کا نام لے کر جس نے سب کچھ پیدا کیا،[1] ۝١ اس نے انسان کو جمے
ہوئے خون سے پیدا کیا ہے۔ ۝٢ پڑھو، اور تمہارا پروردگار سب سے زیادہ کرم والا ہے، ۝٣ جس
نے قلم سے تعلیم دی، ۝٤ انسان کو اس بات کی تعلیم دی جو وہ نہیں جانتا تھا۔[2] ۝٥ حقیقت یہ ہے کہ
انسان کھلی سرکشی کر رہا ہے[3] ۝٦ کیوں کہ اُس نے اپنے آپ کو بے نیاز سمجھ لیا ہے۔[4] ۝٧ سچ تو یہ
ہے کہ تمہارے پروردگار ہی کی طرف سب کو لوٹنا ہے۔ ۝٨ بھلا تم نے اس شخص کو بھی دیکھا جو ایک
بندے کو منع کرتا ہے جب وہ نماز پڑھتا ہے؟ ۝٩ - ۝١٠ بھلا بتلاؤ کہ اگر وہ (نماز پڑھنے والا)
ہدایت پر ہو، ۝١١ یا تقویٰ کا حکم دیتا ہو، (تو کیا اسے روکنا گمراہی نہیں؟) ۝١٢ بھلا بتلاؤ کہ اگر وہ
(روکنے والا) حق کو جھٹلاتا ہو، اور منہ موڑتا ہو، ۝١٣ کیا اسے معلوم نہیں ہے کہ اللہ دیکھ رہا ہے؟ ۝١٤
خبردار! اگر وہ باز نہ آیا تو ہم (اسے) پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے، ۝١٥ اس پیشانی کے بال جو

PDF Compressor Free Version



# اسمائے حسنیٰ

**اسمائے حسنیٰ:** اللہ تعالیٰ کے ناموں کو "اسمائے حسنیٰ" کہتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، جس نے ان کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔" ●

| هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ |
|---|
| وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَلرَّحْمٰنُ | اَلرَّحِیْمُ | اَلْمَلِكُ | اَلْقُدُّوْسُ | اَلسَّلَامُ |
| سب پر مہربان | بہت مہربان | حقیقی بادشاہ | ہر عیب سے پاک | سلامت رکھنے والا |
| اَلْمُؤْمِنُ | اَلْمُهَيْمِنُ | اَلْعَزِیْزُ | اَلْجَبَّارُ | اَلْمُتَكَبِّرُ |
| امن دینے والا | نگہبانی کرنے والا | سب پر غالب | خرابی درست کرنے والا | بہت بڑائی والا |
| اَلْخَالِقُ | اَلْبَارِئُ | اَلْمُصَوِّرُ | اَلْغَفَّارُ | اَلْقَهَّارُ |
| پیدا کرنے والا | ٹھیک ٹھیک بنانے والا | صورت بنانے والا | گناہوں کو ہر وقت بہت زیادہ بخشنے والا | بہت غلبے والا |
| اَلْوَهَّابُ | اَلرَّزَّاقُ | اَلْفَتَّاحُ | اَلْعَلِیْمُ | اَلْقَابِضُ |
| سب کچھ عطا کرنے والا | بہت روزی دینے والا | بڑا فیصلہ کرنے والا | بہت جاننے والا | روزی تنگ کرنے والا |
| اَلْبَاسِطُ | اَلْخَافِضُ | اَلرَّافِعُ | اَلْمُعِزُّ | اَلْمُذِلُّ |
| فراخی کرنے والا | پست کرنے والا | بلند کرنے والا | عزت دینے والا | ذلت دینے والا |

**ہدایت برائے استاد محترم:** اسمائے حسنیٰ سے متعلق مفید معلومات کے لیے "بیت العلم ٹرسٹ" کی کتاب "شرح اسمائے حسنیٰ" کا مطالعہ بہت مفید ہوگا۔

● صحیح المسلم، الذکر والدعاء، باب فی اسماء اللہ تعالیٰ وفضل من احصاھا، الرقم: ۶۸۰۹

| | | | |
|---|---|---|---|
| سبق: ۲ | یہ سبق پانچ دن میں پڑھائیں | دستخط معلم | |

PDF Compressor Free Version



# سبق:۸ حوضِ کوثر

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جنت میں چلتے چلتے میرا گزر ایک نہر پر ہوا، اس کے دونوں جانب کھوکھلے موتیوں سے تیار کیے ہوئے گنبد بنے ہوئے تھے۔ میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا: یہ کیا ہے؟

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا:

"هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ اَعْطَاكَ رَبُّكَ فَاِذَا طِيْنُهٗ مِسْكٌ اَذْفَرُ۔"

ترجمہ: "یہ حوض کوثر ہے جو آپ کے رب نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔ میں نے دیکھا کہ اس کی مٹی (جو اس کی تہہ میں تھی وہ) خوش بودار مشک تھی۔"[1]

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"میرے حوض کی مسافت ایک مہینے کی ہے اور اس کے دونوں کونے بالکل برابر ہیں یعنی اس کی لمبائی چوڑائی برابر ہے، اس کا پانی چاندی سے زیادہ سفید ہے اور اس کی خوشبو مشک سے بھی اچھی ہے اور اس کے کوزے آسمان کے تاروں کی طرح (بے شمار) ہیں جو اس کا پانی پی لے گا اس کو کبھی پیاس نہیں لگے گی۔"[2]

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"(آخرت میں) ہر نبی کا ایک حوض ہے اور انبیا آپس میں اس بات پر فخر کریں گے کہ ان میں سے کس کے پاس پینے والے زیادہ آتے ہیں۔ میں امید رکھتا ہوں کہ سب سے زیادہ پینے کے لیے لوگ میرے پاس آئیں گے (اور میرے حوض سے سیراب ہوں گے)۔"[3]

---

[1] صحیح البخاری، الرقاق، باب فی الحوض، الرقم: ۶۵۸۱ [2] صحیح مسلم، الفضائل، باب اثبات حوض نبینا، الرقم: ۵۹۷۱ [3] جامع الترمذی، صفۃ القیامۃ، باب، جاء فی صفۃ الحوض، الرقم: ۲۴۴۳

PDF Compressor Free Version



**مسئلہ:** اگر ایسی ناپاکی گر جائے جو گرنے کے بعد دکھائی دیتی ہو جیسے مرا ہوا کتا تو اس جگہ (جہاں ناپاکی ہے) کے علاوہ ہر طرف سے وضو اور غسل کر سکتے ہیں۔

**مسئلہ:** اگر اتنے بڑے حوض میں اتنی ناپاکی گر جائے کہ جس سے پانی کا رنگ یا مزہ بدل جائے یا پانی میں بدبو آنے لگے تو اس سے وضو اور غسل جائز نہیں۔[1]

**مسئلہ:** پانی میں ایسا جاندار مرجائے کہ جو پانی میں پیدا ہوتے ہیں اور پانی میں رہتے ہیں جیسے مچھلی، مینڈک، کیکڑا وغیرہ تو ایسے پانی سے وضو اور غسل درست ہے۔[2]

**مسئلہ:** پانی میں ایسا جاندار مرجائے کہ جس میں بہتا ہوا خون نہیں ہوتا جیسے: مکھی، مچھر، چیونٹی، بھڑ، شہد کی مکھی وغیرہ۔ تو ایسے پانی سے وضو اور غسل درست ہے۔

**مسئلہ:** دھوپ سے گرم ہوئے پانی سے وضو اور غسل جائز ہے لیکن اس سے وضو اور غسل نہ کرنا بہتر ہے، کیوں کہ اس سے برص کی بیماری ہونے کا خطرہ ہے۔[3]

## سبق: ۲ تیمم کا بیان

**تیمم:** پاک مٹی یا کسی ایسی چیز سے جو مٹی کے حکم میں ہو بدن کی پاکی حاصل کرنے کو "تیمم" کہتے ہیں۔

**تیمم کے فرائض:** تیمم میں تین فرض ہیں:

1. نیت کرنا۔
2. دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر پورے منہ پر پھیرنا۔[4]
3. دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر دونوں ہاتھوں پر کہنیوں سمیت پھیرنا۔[5]

---

[0] مدیہ ص: ۳۵ — [1] ورد: ۱/ ۱۹۱ بحوالہ بہشتی زیور ص: ۷۵ — [2] شامی: ۱/ ۱۸۶ — [3] شامی: ۱، تیمم: ۲/ ۱۸۰ — [4] شامی: ۱، تیمم: ۲/ ۱۸۰

| | | | |
|---|---|---|---|
| سبق: ۱ | یہ سبق پانچ دن میں پڑھائیں | دستخط معلم | |

PDF Compressor Free Version



# سبق ۵: نماز میں دل لگانے کا طریقہ

نماز شروع کرنے سے پہلے یہ کام کریں:

- ① اذان کے وقت اپنے کام کاج چھوڑ دیں۔ ② توجہ سے اذان سنیں اور اس کا جواب دیں۔
- ③ سکون، وقار اور اطمینان کے ساتھ مسجد جائیں۔
- ④ گاڑی، موٹر سائیکل پر ہوں تو پارکنگ میں مناسب جگہ پر کھڑی کریں تاکہ کسی کو تکلیف نہ ہو اور آپ کا ذہن بھی اس طرف مشغول نہ ہو۔ ⑤ موبائل فون بند کر دیں۔

## نماز اس طرح پڑھیں:

☆ جب نماز شروع کریں تو نماز میں کوئی عمل بغیر ارادہ کے نہ ہو بلکہ تمام اعمال ارادے، سوچ اور دھیان سے کریں۔ جب نماز کے لیے کھڑے ہونے لگیں تو یہ خیال کریں کہ جس طرح میں نے اپنے جسم کا رخ خانہ کعبہ کی طرف کرلیا، اسی طرح میں نے اپنے دل کا رخ پوری یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف کرلیا ہے۔

☆ یہ خیال کرکے نماز شروع کرنے کے لیے "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہیں، "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہتے ہوئے یہ سوچنا چاہیے کہ میں "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہہ رہا ہوں۔

☆ پھر اللہ تعالیٰ کے ہونے کا یقین کرتے ہوئے اس سوچ و تصور کے ساتھ کہ میں "سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ" پڑھ رہا ہوں، پھر سوچیں "وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ" پڑھ رہا ہوں۔ اسی طرح ہر ہر لفظ پر دھیان دیں۔ پھر سورۃ فاتحہ اور سورت میں اسی طرح کریں پھر رکوع میں، اسی طرح رکوع کی تسبیحات سوچ کر کہیں۔

۲. وقوفِ عرفات: نو ذی الحجہ کے دن زوال کے بعد سے لے کر دس ذی الحجہ کی صبح صادق تک کے درمیان "عرفات" میں ٹھہرنا، اگرچہ تھوڑی سی دیر کے لیے ہو۔

۳. طوافِ زیارت کرنا۔ [1]

☆ ان تینوں فرائض میں سے اگر ایک بھی فرض چھوٹ جائے تو حج ادا نہ ہوگا۔

## حج کے واجبات

حج کے چھ واجبات ہیں:

۱. مزدلفہ میں ٹھہرنا۔ ۲. صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا۔ ۳. جمرات کو کنکری مارنا۔

۴. قربانی کرنا۔ ۵. حلق کرانا (سر منڈانا) یا سر کے بال چھوٹے کرانا۔ ۶. طوافِ وداع کرنا۔ [2]

☆ ان واجبات میں سے کوئی واجب چھوٹ جائے تو حج ہو جائے گا، چاہے جان بوجھ کر چھوڑا ہو یا بھول کر لیکن اس پر دم لازم آئے گا۔ جس کی تفصیل بڑی کتابوں میں موجود ہے، مفتی حضرات سے معلوم کرلیں۔

## اعمالِ حج کا نقشہ

| پہلا دن 8 ذوالحجہ | دوسرا دن 9 ذوالحجہ (یوم عرفہ) | تیسرا دن 10 ذوالحجہ | چوتھا دن 11 ذوالحجہ | پانچواں دن 12 ذوالحجہ |
|---|---|---|---|---|
| منیٰ روانگی (ظہر، عصر مغرب، عشاء 9 ذوالحجہ کی فجر) | ظہر، عصر، وقوفِ عرفہ غروب کے بعد مزدلفہ روانگی، قیامِ مزدلفہ مغرب، عشاء، فجر | • بڑے شیطان کو کنکری مارنا<br>• قربانی<br>• حلق<br>• طوافِ زیارت | • منیٰ میں قیام<br>• تینوں شیطانوں کو کنکری مارنا | • منیٰ میں قیام<br>• تینوں شیطانوں کو کنکری مارنا<br>• طوافِ وداع |

وضاحت: • طوافِ زیارت کا وقت دس ذی الحجہ کی صبح صادق سے بارہ ذی الحجہ کا سورج غروب ہونے تک ہے۔

• طوافِ وداع کا وقت طوافِ زیارت کے بعد ہے۔

---

[1] رد المحتار، الحج، مطلب فی فروض الحج وواجباتہ: ۳/۴۶۸

[2] رد المحتار، الحج، مطلب فی فروض الحج وواجباتہ: ۳/۴۶۸

# سبق: ۱۰ قسم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اللہ تعالیٰ تم کو اس بات سے منع فرماتے ہیں کہ تم اپنے باپوں کی قسمیں کھاؤ اور اگر قسم کھانا ضروری ہی ہو تو اللہ کی قسم کھاؤ، ورنہ خاموش رہو۔''

**مسئلہ:** بغیر ضرورت کے بات بات پر قسم کھانا بہت بری بات ہے۔ جہاں تک ہوسکے سچی بات پر بھی قسم نہیں کھانی چاہیے۔

**مسئلہ:** اگر کسی نے یوں کہا: "اللہ کی قسم" تو قسم ہوگئی، اب اس کام کے خلاف کرنا صحیح نہیں۔

اور اگر صرف اتنا کہہ دیا: میں قسم کھاتا ہوں کہ فلاں کام کروں گا تب بھی قسم ہوگئی۔

**مسئلہ:** اگر کسی نے یوں کہا: اللہ تعالیٰ گواہ ہے، اللہ تعالیٰ کو حاضر وناظر جان کر کہتا ہوں تو قسم ہوگئی۔

**مسئلہ:** کسی نے یوں کہا: اگر میں نے فلاں کام کیا تو مرتے وقت ایمان نصیب نہ ہو یا میں بے ایمان ہو کر مروں یا میں بے ایمان ہو جاؤں یا میں مسلمان نہیں تو قسم ہوگئی اب اس کے خلاف کرنے سے کفارہ دینا پڑے گا اور ایمان نہیں جائے گا۔

**مسئلہ:** اگر کسی نے اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کی قسم کھائی جیسے: کعبہ کی قسم، اپنی زندگی کی قسم، اپنے بچوں کی قسم، تمہارے سر کی قسم اس طرح قسم کھانے کے بعد اس کے خلاف کرنے سے کفارہ تو نہیں ہوگا لیکن اللہ کے علاوہ کسی اور کی قسم کھانا بڑا گناہ ہے۔

---

- صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب النھی عن الحلف بغیر اللہ تعالیٰ، الرقم: ۴۲۵۷
- طحطاوی علی الدر: ۲/۳۲۳
- شرح التنویر: ۳/۶۷
- شرح الہدایہ: ۲/۳۵۹
- شرح الہدایہ: ۲/۳۵۹
- شرح الہدایہ: ۲/۳۵۹
- شرح الہدایہ: ۲/۳۵۸

PDF Compressor Free Version



# ① کامیاب شخص

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

"قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَرُزِقَ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا اٰتَاهُ۔"●

**ترجمہ:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"وہ شخص کامیاب ہے جو اسلام لایا اور جس کو بقدر کفایت رزق مل گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنے رزق پر قناعت دے دی۔"

**تشریح:** دنیا میں انسان اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کے لیے آیا ہے اور یہاں زندگی گزارنے کے لیے اسے ضروریات زندگی کی حاجت ہے اور اطمینان وسکون کی ضرورت ہے تو ایسا شخص جسے اسلام کی دولت مل گئی کہ اس کی پوری زندگی اسلام کے تقاضوں کے مطابق ہے اور زندگی گزارنے کے لیے کفایت کرنے والا سامان زندگی مل گیا اور اس پر قناعت واطمینان مل گیا تو واقعی یہ شخص کامیاب ہے اور خوش قسمت ہے۔

☆ اسلام سے محرومی تو محرومی ہے ہی، زیادہ مال و دولت بھی کچھ اچھے نتائج پیدا نہیں کرتی اور قناعت سے محرومی یعنی حرص وہوس ایسی بلا ہے کہ اس میں گرفتار ہونے والا کبھی اور کسی طرح بھی مطمئن وخوش وخرم نہیں دیکھا گیا، اس لیے ہر مسلمان کو اپنا اسلام کامل بنانے کی فکر میں رہنا چاہیے اور بقدر ضرورت رزق حاصل کرنے کی کوشش کرے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے دے رکھا ہے اس پر قناعت اختیار کر لے۔ ایسا شخص جس کو یہ تین نعمتیں مل جائیں وہ دنیا کا کامیاب شخص ہے۔ اس پر شکر کرنا چاہیے۔ "کامیابی" کے غلط معیاروں نے بہت سے مسلمانوں کو اسلام جیسی نعمت اور بقدر ضرورت حلال رزق حاصل ہوتے کے باوجود خود کو محروم سمجھنے اور ہر وقت شکایت کرنے والا بنا رکھا ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحیح سمجھ اور عقل سلیم عطا فرمائے۔ آمین

● صحیح المسلم، الزکاۃ، باب فی الکفاف والقناعۃ، رقم: ۲۴۲۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| سبق: ۲ | یہ سبق پانچ دن میں پڑھائیں | دستخط معلم | |

PDF Compressor Free Version



## سبق: ۸ خرید و فروخت کے آداب

☆ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کے ساتھ اس کی ضروریات جوڑ رکھی ہیں جن کو پورا کرنے کے لیے خرید و فروخت ایک ذریعہ ہے ہمیں چاہیے کہ خرید و فروخت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور ہدایات کے مطابق خرید و فروخت کریں۔ ان میں ہر انسان کے لیے راحت ہے۔ چند آداب یہ ہیں:

1. خرید و فروخت میں ایک اہم اور بنیادی بات یہ ہے کہ خریدنے والا اور بیچنے والا دونوں اس سودے پر رضا مند ہوں کسی ایک پر زبردستی نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ۔"[1]

ترجمہ: "اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طریقے سے نہ کھاؤ مگر یہ کہ کوئی تجارت آپس کی رضا مندی سے وجود میں آئی ہو (تو وہ جائز ہے)۔"

2. سخت ضرورت مند سے خرید و فروخت کی ممانعت:

☆ بعض اوقات آدمی فقر و فاقہ یا کسی حادثہ کی وجہ سے یا کسی اچانک پریشانی میں گھر جانے کی وجہ سے اپنی کوئی چیز بیچنے کے لیے یا کھانا وغیرہ کی کوئی چیز خریدنے کے لیے سخت مجبور ہوتا ہے، اس وقت اس مجبور شخص کی مدد کی جائے، ایسے وقت میں بے درد تاجر اس شخص کی مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ مندرجہ ذیل حدیث میں اسی کی ممانعت فرمائی گئی ہے:

"نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْمُضْطَرِّ۔"[2]

ترجمہ: "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا سخت مجبور کی خرید و فروخت سے۔"

---

[1] النساء:۲۹ [2] سنن ابی داؤد، البیوع، باب فی بیع المضطر، الرقم: ۳۳۸۲

PDF Compressor Free Version

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

## تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)



## تربیتی نصاب برائے اسکول



تربیتی نصاب (مستورات) — تربیتی نصاب (بالغان) — تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ — راہنمائے اساتذہ



نورانی قاعدہ — نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ — نورانی قاعدہ (چارٹ) — تربیتی نصاب (عربی) — معیاری مکتب کے رہنما اصول



تربیتی نصاب حصہ دوم برائے بالغان قیمت =/200 روپے